
بسم اللہ الرحمن الرحیم
إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا
اللّٰھم صلّ علیٰ سیدنا محمد و علیٰ آلِ سیدنا محمد و بارک و سلم
الحمد للّٰہ و المنۃ
کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل
ایزد منّان تحفۂ عجائب و ہدیہ غرائب الی اللّٰہ
مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللّٰہ
مسمّٰی بہ
مجموعہ صلوات الرسول
الجزء الثالث عشر
فی دعائہ و التجائہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم
از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی
حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبد الرحمن صاحب
ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِعَلَآءِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ وَبِدُعَآءِ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بلندئ شان کے طفیل اور بسم اللہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ وَبِشِفَآءِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

الرحمان الرحیم کی دُعا کے طفیل اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی شفاء کے طفیل

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ۝

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا تربیت فرمانے والا ہے۔ کامل رحمت والا بہت مہربان۔ مالک ہے جزاء کے دن کا

اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ۝ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۝ صِرَاطَ

(اے ان صفات کمال والے) تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں ۔ چلا ہمیں راہ راست پر ۔ راہ ان

الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ۝ قَالَ

لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کی ۔ فرمایا

اللّٰهُ تَعَالٰی اُدۡعُوۡنِیۡ اَسۡتَجِبۡ لَكُمۡ تَضَرُّعًا وَّخُفۡيَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ

اللہ تعالیٰ نے ۔ مجھ سے سوال کرو بطور زاری کے اور خفیہ میں تمہارے سوالات پورے کروں گا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِیۡ صَعَدَ كَفَّيۡهِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہوں نے اٹھائیں اپنی دونوں ہتھیلیاں

حِيۡنَ كُفَّ السَّحَابُ فَمَا صَوَّبَهُمَا حَتّٰی جَاشَ كُلُّ مِيۡزَابِ اَللّٰهُمَّ

جبکہ بارش روک دی گئی تھی (اور قحط کا دور دورہ تھا) پس نہ جھکایا انہیں حتیٰ کہ زور سے جاری ہوا (بارش کے ساتھ) ہر پرنالہ ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِیۡ دَعَا

صلوٰۃ و نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جس محبوب نے دُعا فرمائی

بِالۡاِقۡلَاعِ عِنۡدَ هُجُوۡمِ الۡمَطَرِ فَكَانَتۡ عَلَی الۡاٰكَامِ وَالظِّرَابِ وَمَنَابِتِ

بادلوں کے ہٹ جانے کی بوقت فراوانی باراں کے (پس بادل چھٹ گیا مدینہ پر سے) اور ہوتی رہی بارش پہاڑیوں ۔ ٹیلوں اور جنگلات

الشَّجَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر

الَّذِىْ دَعٰى لِاَنَسٍ بِكَثْرَةِ الْمَالِ وَالْوَلَدِ فَدَفَنَ مِائَةً وَّعِشْرِيْنَ

جس محبوب نے دُعا فرمائی حضرت اَنس کیلئے کثرت اموال اور کثرت اولاد کے ساتھ پس (اتنی کثیر اولاد ہوئی) کہ دفن کئے ایک سو بیس

لِصُلْبِهٖ وَكَانَتْ تَرِكَتُهٗ لَا تُحْصٰى وَلَا تُعَدُّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اپنی صلبی اولاد سے اور ان کا ترکہ گنتی اور شمار میں نہیں آتا تھا ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ دَعَا لِابْنِ عَوْفٍ بِالْمَالِ وَ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جنہوں نے دُعا فرمائی حضرت عبدالرحمان بن عوف کے لیے مال کی فراوانی اور

الْغِنٰى فَصُوْلِحَ عَنْ ثُمُنِ تَرِكَتِهٖ بِمِائَةٍ وَّسِتِّيْنَ اَلْفًا اَللّٰهُمَّ

استغناء کی پس (اس قدر غنی ہوئے کہ) مصالحت کی گئی ان کے ترکہ سے ⅛ حصّہ کی ساتھ ایک لاکھ ساٹھ ہزار کے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ دَعَا

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب نے دُعا فرمائی

بِالسِّتْرَةِ لِلْمَرْاَةِ السَّوْدَآءِ فَلَمْ تُرَ مَكْشُوْفَةً بَعْدَهَا اَبَدًا اَللّٰهُمَّ

(مرگی والی) سیاہ فام عورت کے ستر و پردہ کے لیے پس وہ برہنہ نہ دیکھی گئی بعد اس کے کبھی ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ دَعَا لِعَائِشَةَ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب نے دُعا فرمائی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

الْمَغْفِرَةَ الْبَاطِنَةَ وَالظَّاهِرَةَ فَنَالَتْ بِهِ الْبَرَكَةَ الْوَافِرَةَ اَللّٰهُمَّ

کے لیے مغفرت ظاہرہ اور باطنہ کی تو پائی انہوں نے اس دُعا سے فراواں برکت ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ دَعَا اَنْ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے دُعا فرمائی کہ

يُّحَبَّبَ اَبُوْهُرَيْرَةَ وَاُمُّهٗ لِلْمُؤْمِنِيْنَ فَكَانَا فِى الْاَنَامِ مَحْبُوْبَيْنِ

محبوب بن جائیں حضرت ابوہریرہ اور ان کی والدہ مومنین کے ہاں پس ہو گئے وہ دونوں ساری مخلوق میں محبوب ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر جس محبوب نے

دَعَا لِلرَّاهِبِ بِالْبُرْءِ مِنَ السِّقَامِ فَبَرَءَ مِنْ حِيْنِهٖ وَقَامَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

دُعا فرمائی راہب کے لیے تندرستی کی تمام بیماریوں سے پس وہ اسی وقت تندرست ہوگیا اور اُٹھ کھڑا ہوا۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ دَعَا لِلطُّفَيْلِ اَنْ يُّنَوَّرَ فَكَانَ وَجْهُهٗ فِى

نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی حضرت طفیل کے لیے کہ انہیں نور عطا کیا جائے تو ہوگیا ان کا چہرہ

الظُّلْمَةِ كَالسِّرَاجِ مُظْهِرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ

تاریکیوں میں چراغ کی مانند روشنی دینے والا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے

دَعَا اَنْ يُّعِزَّ الْاِسْلَامَ بِاِحْدَى الْعُمَرَيْنِ فَكَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ

دُعا فرمائی کہ اسلام کو غلبہ دیا جائے دو میں سے ایک عمر کے ساتھ پس ہوگئے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ (حلقہ بگوش اسلام)

فِى الْحِيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ دَعَا لِثَعْلَبَةَ بِالْغِنٰى

اسی وقت۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی ثعلبہ کے لیے غنی ہونے کی

فَكَثُرَ مَالُهٗ بِذٰلِكَ وَاغْتَنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ

پس فراواں ہوگیا بسبب اس کے مال اس کا اور غنی ہوگیا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے

دَعَا لِلْمَازِنِ وَكَانَ مُوْلَعًا بِالْخَمْرِ وَالطَّرَبِ فَارْتَفَعَ ذٰلِكَ عَنْهُ

دُعا فرمائی مازن کے لیے جبکہ وہ دلدادہ تھے شراب اور رقص کے تو دور ہوگئے ان سے وہ

وَذَهَبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ دَعَا لِلْمِقْدَادِ

اور زائل ہوگئے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی حضرت مقداد کے لیے

بِالْغِنٰى وَالْيَسَارِ فَاَدْرَكَ مَا يُرِيْدُ مِنْ ذٰلِكَ وَيَخْتَارُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

غنا اور خوشحالی کی پس پا لیا انہوں نے جو ارادہ رکھتے تھے اس سے اور پسند فرماتے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ دَعَا لِلنَّابِغَةِ اَنْ لَّا يَفْضُضَ اللّٰهُ لَهٗ سِنًّا

نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی نابغہ کے لیے کہ نہ توڑے اللہ تعالیٰ اس کا کوئی دانت

إِلَّا نَبَتَتْ لَهُ أُخْرَى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي دَعَا

مگر اُگے اس کی جگہ دوسرا (اور ایسے ہی ہوا) اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی

أَنْ لَّا يَفْضُضِ اللّٰهُ فَاهُ فَعَاشَ مِائَةً وَّعِشْرِيْنَ سَنَةً لَمْ تَسْقُطْ

کہ نہ توڑے اللہ ان کے منہ (کے دانتوں) کو پس وہ زندہ رہے ایک سو بیس سال پس نہ گرے ان کے

لَهُ ثَنِيَّةٌ بِدُعَائِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي دَعَا لِعَلِيٍّ

دانت آپ کی دُعا سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے

أَنْ لَّا يُصِيْبَهُ حَرٌّ وَّلَا قَرٌّ فَقُبِلَ دُعَائُهُ وَظَهَرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

کہ نہ پہنچے انہیں تپش اور نہ ٹھنڈک پس آپ کی دُعا قبول ہوئی اور اس کا اثر ان میں ظاہر ہوا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي دَعَا بِقُبُوْلِ دُعَاءِ بَعْضِ الصَّحَابَةِ فَكَانَتْ

سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی مستجاب الدعوات ہونے کی، واسطے بعض صحابہ کے پس ہو گئی

دَعْوَتُهُمْ مُّسْتَجَابَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي دَعَا

ان کی ہر دعا مستجاب ومقبول۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی

عَلٰى سُرَاقَةَ حِيْنَ تَبِعَهُ فَالْتَقَمَتْهُ الْأَرْضُ بَعْدَ مَا أَرَادَتْ أَنْ تَبْتَلِعَهُ

سراقہ کے خلاف جبکہ وہ آپ کے تعاقب میں نکلا (بوقت ہجرت) پس گرا دیا اس کو زمین نے بعد اس کے کہ ارادہ کیا تھا اس کو نگلنے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي دَعَا لِرَجُلٍ وَّكَانَ لَا يَسْتَطِيْعُ

کا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی ایک شخص کے لیے جو نہیں طاقت رکھتا تھا

حَمْلَ صَاعٍ بِالْمَدِيْنَةِ فَعَادَ يَحْمِلُ مَا تَحْمِلُهُ السَّفِيْنَةُ اَللّٰهُمَّ

ایک صاع (چار سیر کا پیمانہ) کو اٹھانے کی مدینہ میں پس وہ ہو گیا اُٹھانے والا اتنے بوجھ کو جتنا کہ کشتی اُٹھا سکتی تھی۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي دَعَا لِدَوْسٍ بِالْهِدَايَةِ وَالْإِيْمَانِ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی دوس کے لیے ہدایت اور ایمان کی

فَجَاءُوْا مُعْتَرِفِيْنَ بِالْإِيْمَانِ وَالْإِسْلَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

پس وہ سبھی حاضر خدمت ہو گئے درآنحالیکہ اقرار کرتے تھے ایمان واسلام کا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا لِاَبِیْ هُرَیْرَةَ حِیْنَ وَعَظَهٗ فَمَا نَسِیَ شَیْئًا مِّنْهُ

محمّد پر جنہوں نے دُعا فرمائی حضرت ابوہریرہ کے لیے جبکہ انہیں وعظ فرمایا پس نہ بھولے وہ کوئی شئی اس سے

بَعْدَ ذٰلِكَ وَحَفِظَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا

اس کے بعد اور یاد رکھا ہر شئی کو۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جنہوں نے دُعا فرمائی

لِعُرْوَةَ بِالْبَرَكَةِ فَمَا رَامَ فِیْ شَیْءٍ رِبْحًا اِلَّا نَالَهٗ وَاَدْرَكَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

عروہ کے لیے برکت کی پس نہ قصد کیا انہوں نے کسی شئی میں نفع کا مگر اس کو حاصل کر لیا اور پا لیا۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا لِقُرْقُرَةَ وَقَدْ شَرَدَ لَهُ الْبَعِیْرُ مِنَ

نازل فرما سیّدنا محمّد پر جنہوں نے دُعا فرمائی قرقرہ کے لیے جبکہ ان کا اونٹ بھاگ گیا تھا ہانکنے اور

السَّوْقَةِ فَقَادَتْ لَهُ الرِّیْحُ وَسَاقَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

چلانے والوں سے پس کھینچا اس کو آندھی نے اور چلایا اس کو (قرقرہ کی طرف) اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر

الَّذِیْ دَعَا لِجَابِرٍ وَّکَانَ لَا یَثْبُتُ عَلَی الْخَیْلِ فَمَا اَصَابَهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ

جنہوں نے دعا فرمائی حضرت جابر کے لیے اور حال یہ ہے کہ وہ گھوڑے کی پشت پر برقرار نہیں رہتے تھے پس نہ گرے اس کے بعد

سُقُوْطٌ وَّلَا مَیْلٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا

اور نہ اِدھر اُدھر مائل ہوئے زین سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جنہوں نے دُعا فرمائی

لِلْمُسْتَضْعَفِیْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ بِمَكَّةَ فَاُعْطُوا النَّجَاةَ مِنَ الْهَوَانِ

کمزور اور بے سہارا مومنین کے لیے جو مکّہ میں تھے پس انہیں نجات و خلاص عطا کی گئی رسوائی اور

وَالْهَلَكَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا لِاَصْحَابِهٖ اَنْ یُّكْسَرَ

ہلاکت سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جنہوں نے دُعا فرمائی اپنے صحابہ کے لیے کہ ان سے سردی

عَنْهُمُ الْبَرْدُ فَلَمْ یُصِبْهُمْ ذٰلِكَ بَعْدُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

کی شدّت دور کر دی جائے پس نہ پہنچی انہیں وہ ٹھنڈک اس کے بعد۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر

الَّذِیْ دَعَا بِرَفْعِ الْوَبَاءِ عَنِ الْمَدِیْنَةِ وَالرَّجْفَةِ فَانْتَقَلَتْ حُمَّاهَا

جنہوں نے دُعا فرمائی مدینہ منورہ سے وباء کے اور تپ لرزہ کے دور ہونے کی پس منتقل ہو گیا اس کا تپ

بِدُعَآئِہٖ اِلَی الْجُحْفَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا اَنْ

آپ کی دُعا سے جحفہ کی طرف ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنھوں نے دُعا فرمائی کہ

لَّا یَدْخُلَ الْمَدِیْنَۃَ رُعْبُ الدَّجَّالِ فَلَمْ یَدْخُلْھَا بِوَجْہٍ وَّلَا حَالٍ

نہ داخل ہو مدینہ منورہ میں رعب دجّال کا پس وہ نہیں داخل ہو گا اس میں کسی طرح اور کسی حال میں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا اَنْ یُّحَبِّبَہُ اللّٰہُ الْمَدِیْنَۃَ

اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنھوں نے دُعا فرمائی کہ محبوب بنا دے ان کے لیے اللہ تعالیٰ مدینہ کو

کَحُبِّہٖ مَکَّۃَ وَاَنْ یَّجْعَلَ مَا بِھَآ اَضْعَافَ مَا بِمَکَّۃَ مِنَ الْبَرَکَۃِ

مانند محبوب رکھنے آپ کے مکّہ کو اور یہ کہ بنا دے جو کچھ اس میں ہے دوگنی برکت والا مکّہ والی اشیاء سے

فَنَالَ ذٰلِکَ وَاَدْرَکَہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا

پس حاصل کیا اپنی مراد کو اور پالیا اسے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنھوں نے دُعا فرمائی

لِاَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ فِی الْمُدِّ وَالصَّاعِ فَکَانَ مُدُّھَا یُشْبِعُ ثَلٰثَۃَ نَفَرٍ وَّ

اہل مدینہ کے لیے مد اور صاع میں پس تھا اس کا ایک مد (سیر کا پیمانہ) سیر کر دیتا تین بھوکے

ھُمْ جِیَاعٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا فِیْ سَمْنِ اُمِّ

آدمیوں کو۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنھوں نے دُعا فرمائی ام سلیم کے

سُلَیْمٍ بِالْبَرَکَۃِ فَعَادَ کَمَا کَانَ قَبْلَ خُرُوْجِہٖ مِنَ الْعُکَّۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

گھی میں برکت کے لیے پس ہو گیا مانند اس کے کہ تھا اس ظرف سے نکلنے سے قبل۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا فِیْ صَاعِ تَمْرِ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عِیَانًا فَانْتَفَعَ

سیدنا محمدؐ پر جنھوں نے دُعا فرمائی ابوہریرہ کی کھجوروں کے ایک صاع میں پس نفع اندوز ہوئے

بِہٖ دَھْرًا وَّزَمَانًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا لِابْنِ

اس سے ایک عرصہ اور زمانہ تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنھوں نے دعا فرمائی واسطے

الْمُلَاعِبِ الْخُرْصَا حَقًّا فَعُوْفِیَ مِنَ السِّقَامِ وَالْاِسْتِسْقَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ

نیزہ سے کھیلنے والا کے بیٹے کے خلوص قلب سے پس اس کو عافیت دیدی گئی بیماریوں سے اور مرض استسقاء سے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا لِفَرَسٍ کَانَ لِابْنِ اَبِی الْجَعْدِ وَاسْتَوْفٰی

سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی ابن ابی الجعد کی گھوڑی کے لیے اور حق دُعا ادا فرمایا

فَبَاعَ مِنْ بَطْنِهَا بِاِثْنَیْ عَشَرَةَ اَلْفًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

تو انہوں نے پیچھے اس کے بطن سے (پیدا ہونے والے) بارہ ہزار کے بدلے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِیْ دَعَا لِسَعْدٍ وَّعَوَّدَ فَکَانَ دُعَآئُهٗ مَقْبُوْلًا وَّسَهْمُهٗ مُسَدَّدًا

جنہوں نے دُعا فرمائی سعد اور عود کے لیے پس آپ کی دُعا مقبول ہوئی اور ان کا تیر سیدھا ہوا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا لِابْنِ عَبَّاسٍ بِالتَّفَقُّهِ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی عبداللہ بن عباس کے لیے دین میں فقاہت

فِی الدِّیْنِ بِالْاِعْلَانِ فَکَانَ یُدْعٰی بِتَرْجُمَانِ الْقُرْاٰنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

حاصل ہونے کی علانیہ طور پر پس آپ کو کہا جاتا تھا ترجمان القرآن۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ کَانَ اِذَا دَعَا لِرَجُلٍ دَعْوَةً اَدْرَکَتْهُ وَ

سیدنا محمد پر جو دُعا فرماتے جب بھی کسی شخص کے لیے تو وہ اس کو اور اس کی اولاد اور

وَلَدَهٗ وَوَلَدَ وَلَدِهٖ وَنَحْوَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

اولاد کی اولاد تک اثر انداز ہوتی۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے

دَعَا عَلٰی کِسْرٰی حِیْنَ مَزَّقَ کِتَابَهٗ فَمَزَّقَ اللّٰهُ مُلْکَهٗ وَ فَرَّقَ

دُعا فرمائی کسریٰ کے خلاف جب اس نے پھاڑا آپ کے خط کو پس اللہ تعالیٰ نے ٹکڑے کر دیا اس کے ملک کو اور پراگندہ کر دیا

اَحْزَابَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰی قُرَیْشٍ

اس کے لشکروں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی قریش پر قحط سالی کی

بِسِنِیْ یُوْسُفَ فَاَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ اَکَلُوْا فِیْهَا الْمَیْتَةَ وَالْجُلُوْدَ وَ

مانند یوسف علیہ السلام کے زمانہ کی قحط سالی کے پس ان کو قحط نے لپیٹ میں لے لیا جس میں انہوں نے کھایا مردار اور چمڑے

الْعِظَامَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰی مُلْجَمٍ

اور ہڈیوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی ملجم

بْنِ جُثَامَةَ فَمَاتَ لِسَبْعٍ وَّقَدْ رَفَضَتِ الْاَرْضُ عِظَامَهُ اَللّٰهُمَّ

بن جثامہ پر پس وہ مرگیا ساتویں دن اور تحقیق پھینک دیا زمین نے اس کی ہڈیوں کو۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا عَلَی ابْنِ اَبِیْ لَهَبٍ وَّاجْتَهَدَ

صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جنہوں نے دعا فرمائی ابولہب کے بیٹے پر اور اس میں مبالغہ فرمایا

فَافْتَرَسَهُ الْاَسَدُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا

پس پھاڑ ڈالا اس کو شیر نے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی

عَلَی الْاَحْزَابِ جِهَارًا فَاشْتَعَلَتْ عَلَیْهِمْ بُیُوْتُهُمْ نَارًا اَللّٰهُمَّ

کفار کے لشکروں پر علانیہ پس بھڑک اُٹھے ان پر ان کے گھر آگ سے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰی اَهْلِ الْقَلِیْبِ فَقُبِلَ

صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی قلیب بدر والے کفار پر پس مقبول اور مستجاب

دُعَآءُهٗ وَاسْتُجِیْبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا

ہوئی آپ کی دُعا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی

عَلٰی ثَعْلَبَةَ حِیْنَ مَنَعَ الصَّدَقَةَ فَاَتْلَفَ اللّٰهُ مَالَهٗ وَاَمْحَقَهٗ

ثعلبہ پر جبکہ اس نے صدقہ روک لیا پس اللہ تعالیٰ نے اس کے مال کو برباد کیا اور نیست و نابود

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰی اَبِیْ عَامِرِنِ الرَّاهِبِ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی ابو عامر راہب پر

فَمَاتَ وَهُوَ اِلَی الشَّامِ ذَاهِبٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

پس وہ ہلاک ہو گیا جبکہ جا رہا تھا شام کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر

الَّذِیْ دَعَا عَلٰی اَرْبَدَةَ حِیْنَ فَارَقَهٗ فَاَصَابَتْهُ صَاعِقَةٌ اَللّٰهُمَّ

جنہوں نے دُعا فرمائی اربدہ پر جبکہ اس نے آپ سے علیحدگی اختیار کرلی پس تباہ کیا اس کو آسمانی بجلی نے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا عَلَی الْحَكَمِ دَعْوَةً فَاَصَابَتْهُ

صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر جنہوں نے دُعا فرمائی حکم کے خلاف تو اس کو لاحق ہو گیا

لَقُوَّةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ دَعَا عَلٰى صَبِيٍّ قَطَعَ

لقوہ ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے دُعا فرمائی اس لڑکے پر جس نے

عَلَيْهِ الصَّلٰوةَ فَمَا رُءِىَ بَعْدَهَا قَآئِمًا حَتّٰى مَاتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

قطع کیا تھا آپ کی نماز کو پس وہ نہ دیکھا گیا بعد اس کے حالت قیام یہاں تک کہ فوت ہوا ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ دَعَا عَلَى الْحَكَمِ وَكَانَ يَغْمِزُ عَلَيْهِ فَطَارَتْ

سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے دُعا فرمائی حکم کے خلاف اور وہ آپ پر طعن کرتا تھا پس اڑ گئیں

عَيْنَاهُ بَيْنَ يَدَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ دَعَا

اس کی آنکھیں اس کے سامنے ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے دُعا فرمائی

عَلٰى مَنْ اَسَآءَ عَلَيْهِ الْقَوْلَ فَمَا حَالَ عَلَيْهِمُ الْحَوْلُ اَللّٰهُمَّ

اس کے خلاف جس نے گفتگو میں بے ادبی کی پس نہ گذرا اس پر ایک سال ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ دَعَا عَلَى ابْنِ قَمِئَةَ لِغَمْزِهٖ عَلَيْهِ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے دُعا فرمائی ابن قمئہ کے خلاف اس کے طعن وتشنیع کی وجہ سے

فَقَتَلَتْهُ عَنْزٌ مِّنْ عُنْزِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ

پس قتل کر دیا اس کو بکرے نے اس کے بکروں میں سے ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے

دَعَا عَلٰى دُعْثُوْرٍ حِيْنَ رَامَ فَتْكَهٗ فَاَسْرَعَ اللّٰهُ هَلْكَهٗ اَللّٰهُمَّ

دعا فرمائی دعثور پر جب کہ اس نے آپ کو اچانک شہید کرنے کا ارادہ کیا پس اللہ تعالیٰ نے اسے فوراً ہلاک کر دیا ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ دَعَا اللّٰهَ عَلَى ابْنِ حُمَيْدٍ وَّاسْتَعَانَهٗ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے دعا فرمائی ابن حمید کے خلاف اور اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کی

فَقَتَلَهٗ اَبُوْدُجَانَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ دَعَا عَلٰى

پس اس کو قتل کر دیا ابودجانہ نے ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے دعا فرمائی

اَبِىْ جَهْلٍ بِلَا امْتِرَا فَقَتَلَهُ ابْنَا عَفْرَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ابوجہل کے خلاف بلاشک پس قتل کر دیا اس کو عفراء کے دونوں بیٹوں نے ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰی عُقْبَۃَ وَشَیْبَۃَ فَاَصَابَتْھُمَا الْخَیْبَۃُ اَللّٰھُمَّ

محمد پر جنہوں نے دعا فرمائی عتبہ اور شیبہ کے خلاف پس گھیرے میں لے لیا ان کو رسوائی نے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰی مَنْ جَحَدَہُ الْفَرَسَ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دعا فرمائی اس پر جس نے انکار کر دیا آپ کو گھوڑے (کی فروخت) کا

فَذَھَبَ عَنْہُ الرِّزْقُ وَاحْتَبَسَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

پس چلا گیا اس کا رزق اور رُک گیا۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِیْ دَعَا عَلَی الْوَلِیْدِ فَقَدَّ السَّیْفُ عَلَی الْوَرِیْدِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

جنہوں نے دعا فرمائی ولید کے خلاف پس کاٹ دیا تلوار نے اس کی شاہرگ کو۔ اے اللہ صلواۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰی عُقْبَۃَ بْنِ اَبِیْ مُعَیْطٍ فَحَاقَ

نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے دعا فرمائی عقبہ بن ابی معیط کے خلاف پس احاطہ کر لیا

بِہِ الْبَلَاءُ وَاُحِیْطَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا عَلٰی

اس کا بلا نے اور اسے گھیرے میں لے لیا۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دعا فرمائی

عُصَیَّۃَ الَّتِیْ عَصَتِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَاسْتُجِیْبَ لَہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

قبیلہ عصیہ کے خلاف جس نے نافرمانی کی تھی اللہ تعالیٰ اور رسول مقبول کی پس وہ قبول کی گئی۔ اے اللہ صلواۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ کَانَ دُعَاؤُہٗ لَا یُرَدُّ وَفَضْلُہٗ لَا یُحَدُّ

نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی دُعا رد نہیں کی جاتی تھی اور جن کے فضل و کمال کی حد بندی نہیں کی جا سکتی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَمَّا اَرَادَ مُبَاھَلَتَہُ النَّصَارٰی

اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جب ارادہ کیا آپ کے ساتھ مباہلہ کا نصاریٰ نے تو (قریب تھا)

اِشْتَعَلَ عَلَیْھِمُ الْوَادِیْ نَارًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

کہ بھڑک اُٹھے ان پر ساری وادی آگ بن کر۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِیْ رَامَ غَوْرَثُ ضَرْبَہٗ بِالسَّیْفِ وَاَھْوٰی تَعَلَّقَتْ یَدَاہُ

کہ جن پر غورث نے تلوار سے وار کا قصد کیا اور اس طرف مائل ہوا تو اس کے دونوں ہاتھ معلق ہو گئے

فِی الْهَوٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا اَرَادَ اَبُوْجَهْلٍ

ہوا ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جب ارادہ کیا ابوجہل نے

اِلْقَآءَ الصَّخْرَةِ عَلَیْهِ انْقَلَبَتْ اِلٰی صَدْرِهٖ وَیَدَیْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

آپ پر پتھر پھینکنے کا تو مڑ گیا وہ پتھر اس کے سینہ اور ہاتھوں کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا غَرَّ اَبُوْجَهْلٍ فِیْ قَتْلِهِ الْغُرُوْرَ حَالَ بَیْنَهُمَا

سیدنا محمد پر کہ جب غرور سے کام لیا ابوجہل نے آپ کے شہید کرنے میں تو حائل ہو گیا آپ کے اور اس کے درمیان

اَسَدٌ هَصُوْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَتَرَهُ اللّٰهُ مِنْ

شیر ژیاں۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہیں ستر اور پردہ میں رکھا اللہ تعالیٰ نے ان کے

اَعْدَآئِهٖ وَحَجَبَهٗ حِیْنَ رَامُوْا الْفَتْكَ بِهٖ لَیْلَةَ الْعَقَبَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اعداء سے اور حجاب میں رکھا آپ کو جب قصد کیا آپ پر اچانک حملہ کا اعداء نے عقبہ کی رات۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَامَ بَعْضُ الْكُفَّارِ غَدْرَهٗ وَكَتَمَ رُمِیَ بِزُمَیْلَةٍ

نازل فرما سیدنا محمد پر کہ قصد کیا بعض کفار نے آپ کے ساتھ غدر کا اور چھپایا اپنے برے ارادہ کو تو مارا گیا ساتھ زمیلہ کے

وَّهِیَ شِهَابٌ مِّنْ جَهَنَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْفَاهُ

اور وہ شعلہ ہے جہنم کا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کو مخفی رکھا

اللّٰهُ عَمَّنْ بِمَكَّةَ مِنَ الضُّلَّالِ حَتّٰی افْتَتَحَهَا بِغَیْرِ الْقِتَالِ اَللّٰهُمَّ

اللہ تعالیٰ نے مکہ والے گمراہوں سے یہاں تک کہ آپ نے اسے فتح کر لیا بغیر جنگ اور لڑائی کے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا اَرَادَ شَیْبَةُ الْاَمْنَةَ بِالنَّارِ ارْتَفَعَ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جب ارادہ کیا شیبہ نے آپ کو آگ سے تکلیف دینے کا تو بلند ہوا

لَهٗ شِهَابٌ مِّنْ نَّارٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا اَرَادَ

اس کے لیے آگ کا شعلہ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جب ارادہ کیا

بَنُوا النَّضِیْرِ وَالْقُرَیْظَةِ اَنْ یُّلْقُوْا عَلَیْهِ الصَّخْرَةَ اَخْبَرَهٗ بِذٰلِكَ

بنو النضیر اور بنو قریظہ نے کہ پھینکیں آپ پر بھاری پتھر تو آپ کو خبر دی اس کی

جبرائیل وحذّرہٗ اللّٰھم صلّ علی سیّدنا محمّدن الّذی لمّا اراد

جبرائیل نے اور آپ کو چوکس کردیا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ جب ارادہ کیا

ابوجھل قتلہٗ جھارًا رأی دونہٗ خندقًا من نار اللّٰھم صلّ

ابوجہل نے آپ کو علانیہ شہید کرنے کا تو دیکھی اس نے اپنے آگے آگ کی خندق ۔ اے اللہ صلوٰۃ

علی سیّدنا محمّدن الّذی لمّا اراد قریش قتلہٗ واتفقوا شتّت

نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ جب ارادہ کیا قریش نے آپ کو شہید کرنے کا اور اس پر اتفاق کر لیا تو اللہ تعالیٰ نے

اللہ شملھم وافترقوا اللّٰھم صلّ علی سیّدنا محمّدن الّذی رامت

پراگندہ کردیا ان کی جمعیت کو اور وہ جدا جدا ہو گئے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ ارادہ کیا

ضرّہٗ امرأۃ ابی لھب خطف بصرھا وذھب اللّٰھم صلّ علی

ابولہب کی بیوی نے ان کی ایذا رسانی کا پس اچک لی گئی نظر اس کی اور چلی گئی۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سیّدنا محمّدن الّذی لمّا رام جھجاہ الغفاری کسر قضیبہٖ علیہ

سیّدنا محمد پر کہ جب ارادہ کیا جھجاہ غفاری نے آپ کے عصا مبارک کے توڑنے کا جو عثمان غنی کے

السّلام اصابتہٗ عاھۃٌ مّات منھا قبل العام اللّٰھم صلّ علی

زیر استعمال تھا، تو اس کو پہنچی ایسی آفت کہ وہ سال کے اندر ہلاک ہو گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سیّدنا محمّدن الّذی لمّا واعد الولید قریشًا علی ضررہٖ جعل

سیّدنا محمد پر کہ جب عہد کیا ولید نے قریش کے ساتھ آپ کی ایذاء رسانی کا تو اللہ تعالیٰ نے اس کی

اللہ غشاوۃً علی بصرہٖ اللّٰھم صلّ علی سیّدنا محمّدن الّذی لمّا

نگاہ پر پردہ ڈال دیا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ جب

دنت امرأۃ ابی لھب لکفاحہٖ سترہٗ منھا الملک بجناحہٖ اللّٰھم

قریب ہوئی ابولہب کی بیوی آپ کے سامنے سے تو چھپا لیا فرشتہ آپ کو اس کی نظروں سے اپنے پروں کے ساتھ

صلّ علی سیّدنا محمّدن الّذی رامت الکفّار حینہٗ حالت الصّفا

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمد پر کہ جب ارادہ کیا کفار مکہ نے آپ کو شہید کرنے کا تو حائل ہو گئیں صفا

وَالْمَرْوَةُ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ لَمَّا
اور مروہ درمیان ان کے اور آپ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جب

أَرَادَ الرَّاعِىْ إِخْبَارَ قُرَيْشٍ بِهِجْرَتِهٖ حِيْلَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ حُجَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ
ارادہ کیا چرواہے نے قریش کو آپ کی ہجرت سے آگاہ کرنے کا تو حجاب اور رکاوٹ ڈال دی گئی درمیان اس کے اور اس کی حجت کے۔ اے

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَفَاهُ اللّٰهُ اسْتِهْزَآءَ الْمُسْتَهْزِئِيْنَ اَللّٰهُمَّ
اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہیں اللہ تعالیٰ نے کفایت فرمائی مذاق اڑانے والوں کے مذاق سے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ أَدْخَلَ اللّٰهُ تَحْتَ حُكْمِهٖ مَلٰٓئِكَةَ
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ فرما دیا اللہ تعالیٰ نے ان کے زیر حکم ملائکہ تسخیر

التَّسْخِيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ
کو۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن پر نازل فرمائی اللہ تعالیٰ نے

اٰيَةَ التَّخْيِيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخَاطَبِ بِقَوْلِهٖ
آیت تخییر والی۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جو مخاطب ہیں اللہ

عَزَّوَجَلَّ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ اَللّٰهُمَّ
عزوجل کے اس قول کے "پوری طرح اظہار کرو اس کا جو تمہیں امر کیا گیا اور منہ پھیر لو مشرکین سے" اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ جَمَعَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْدَ الْقَطِيْعَةِ اَللّٰهُمَّ
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت اللہ تعالیٰ نے مجتمع فرما دیا (اہل اسلام کو) بعد ان کے انقطاع اور بے تعلقی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ أَمَرَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَ
کے (قبل از اسلام) اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ حکم دیا ہے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں۔ زمینوں اور

الْجِبَالَ أَنْ تُطِيْعَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَ
پہاڑوں کو ان کی اطاعت کا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کے

لَهٗ مَلَكُ الْجِبَالِ مِنَ الْأَعْوَانِ عَلٰى أَهْلِ الْكُفْرِ وَالطُّغْيَانِ اَللّٰهُمَّ
لیے تھا پہاڑوں پر مامور فرشتہ معاونین سے۔ اہل کفر اور سرکشوں کے خلاف۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ نَادَاهُ الْمَلَكُ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَیْنِ اِنْ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہیں پکار کر کہا فرشتہ نے ایک دفعہ یا دو دفعہ اگر چاہو

شِئْتَ لَاُطْبِقَنَّ عَلَیْهِمُ الْاَخْشَبَیْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

تو میں منطبق کر دوں اہل طائف پر دونوں پہاڑوں کو ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

الَّذِیْ نَادَاهُ مَلَكُ الرِّیْحِ جِهَارًا اِنْ شِئْتَ لَاُمْلِئَنَّ عَلَیْهِمْ فِیْ

جن کو پکار کر کہا آندھیوں پر مامور فرشتہ نے علانیہ اگر چاہو تو ضرور بھردوں گا ان پر ان کے

بُیُوْتِهِمْ نَارًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ نَادَاهُ مَلَكُ

گھروں کو آگ سے ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جنہیں پکار کر کہا سمندروں پر

الْبِحَارِ صَبَاحًا وَّمَسَآءً اِنْ شِئْتَ لَجَعَلْنَا الْاَرْضَ مَآءً اَللّٰهُمَّ

مامور فرشتہ نے صبح و شام اگر آپ چاہو تو ہم زمین کو پانی میں بدل دیں ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ نَادَاهُ مَلَكُ الظُّلْمَةِ وَاَخْبَرَهٗ اَنَّ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہیں نداء دی ظلمت پر مامور فرشتہ نے اور خبر دی کہ

اللّٰهَ اَمَرَهٗ اَنْ یُّعِیْنَهٗ عَلَی الْكُفَّارِ وَیَنْصُرَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

اللہ تعالیٰ نے اس کو حکم دیا ہے آپ کی امداد کرنے کا اور نصرت کا کفار کے خلاف ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ طَلَبَتْ مِنْهُ الْوُحُوْشُ وَالْاَطْیَارُ اَنْ یَّكُوْنُوْا لَهٗ مُعِیْنًا

محمدؐ پر کہ اجازت طلب کی جن سے جنگلی جانوروں اور پرندوں نے کہ ہوں ان کے معاون

عَلَی الْكُفَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ نَادَاهُ مَلَكُ

کفار کے خلاف ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کو نداء دی رعد اور

الرَّعْدِ وَمَلَكُ السَّحَابِ بِاَنْ یَّنْصُرَاهُ بِاِذْنِ اللّٰهِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ

گرج کے فرشتہ اور بادلوں کے فرشتہ نے کہ وہ دونوں ان کی نصرت و امداد کریں گے اللہ وہاب کے اذن سے ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَرْسَلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہیں مبعوث فرمایا اللہ تعالیٰ نے ہدایت اور دین حق کے ساتھ

لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ

تاکہ غالب کرے آپ کے دین کو ہر دین پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہیں بچایا

عَصَمَهٗ مِنْ اَذَآءِ جَمِيْعِ الْخَلْقِ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَكَرَمِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق کی ایذاؤں سے اپنے فضل و کرم کے ساتھ ۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْٓ اَعَزَّ اللّٰهُ دِيْنَهٗ وَ اَظْهَرَهٗ عَلَى الْاَدْيَانِ

نازل فرما سیدنا محمد پر کہ اللہ تعالیٰ نے عزت دی ۔ ان کے دین کو اور غالب فرمایا اسے تمام

كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ مَحَلُّ الْاِغَاثَةِ وَالرَّجَا

ادیان پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو کہ محل ہیں فریادرسی کا اور امیدوں کا مرکز ہیں ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالزَّعِيْمِ بِبَيْتٍ فِيْ وَسْطِ الْجَنَّةِ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو ضامن ہیں جنت کے وسط میں مکان کے واسطے

لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَآءَ وَاِنْ كَانَ مُحِقًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِ

تارکین جدال کے اگرچہ اثبات حق کے لیے ہی ہو ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الزَّعِيْمِ بِبَيْتٍ فِيْٓ اَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسُنَ فِي النَّاسِ خُلُقًا اَللّٰهُمَّ

جو ذمہ دار ہیں ساتھ مکان کے جنت کے اعلیٰ مقام میں واسطے حسن خلق والوں کے لوگوں کے لیے ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالزَّعِيْمِ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو ذمہ دار ہیں جنتی مکان کے واسطے تارکین کذب کے

الْكَذِبَ وَاِنْ كَانَ مَازِحًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالزَّعِيْمِ

اگرچہ بطور مذاق ہو ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو ذمہ دار ہیں

بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ لِمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

جنتی مکان کے واسطے ایمان لانے والوں اور اعمال صالحہ والوں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِاَطْيَبَ صَلٰوةٍ وَّاَنْمَاهَا وَاَجَلَّهَا وَاَغْلَاهَا اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد پر جو پاکیزہ ترین صلوٰۃ ہے اور بہت بڑھنے والی اور جلیل تر اور سب سے قیمتی صلوٰۃ ہے ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ࣙ الْمَعْنِيِّ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى عَزَّ وَجَلَّ تَعْظِيْمًا

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو مقصود و مصداق ہیں اللہ تعالٰے کے اس قول کے ان کا حق

لِّحَقِّهٖ وَتَفْضِيْلًا وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا وَّقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ

عظمت اور فضیلت ظاہر کرنے کے لیے" اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر بشارت دینے والے اور ڈرانے والے اور دیا ہم نے قرآن جس

لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

کو جدا جدا کیا تاکہ اسے پڑھو لوگوں پر ٹھہر ٹھہر کر اور تھوڑا تھوڑا نازل کیا ہم نے اسے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ࣙ الَّذِيْ قُبِلَ مِنْهُ الدُّعَآءُ وَطَابَ مِنْهُ الْمَكَانُ وَ

سیدنا محمد پر جن کی دعا قبول کی گئی اور پاکیزہ ہو گئے ان کی بدولت مکان اور

الْمَعَآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَتَقَبَّلُ بِهَا دُعَآئِيْ

بواطن ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جس کی بدولت میری دعا قبول فرمائے

وَتُحَقِّقُ بِهَا رَجَآئِيْ بِحُرْمَةِ الْاِسْمِ الْاَعْظَمِ وَهُوَ فِيْهِمْ اَللّٰهُمَّ

اور پورا کرے میری امیدوں کو بطفیل اسم اعظم کے اور وہ ان کلمات میں ہے ۔ " اے اللہ

اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الٓمّٓ ۚ اللّٰهُ

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ، لآ اِلٰہ اِلاَّ اللہ ۔ الم ۔ اللہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ

لا الٰہ الا ہو الخ کے ۔ اللہ ہی معبود برحق ہے نہ اس کا غیر وہی ہمیشہ زندہ بذات خود قائم ہے اور مخلوق کو قائم رکھنے والا ہے ۔ وہی اللہ ہے کہ

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۚ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ

نہیں معبود برحق مگر وہی ، غیب اور شہادت کا عالم ہے وہی غایت رحمت والا ۔ مہربان ہے وہی اللہ ہے کہ نہیں معبود برحق مگر وہی شہنشاہ

الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ

بہت مقدس ۔ سراسر سلامتی ۔ ایمان دینے والا ۔ نگران ۔ غالب ۔ جبار ۔ متکبر ۔ پاک ہے

اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۚ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ

اللہ اس سے جو شریک ٹھہراتے ہیں ۔ وہی اللہ ہی خالق ۔ درست طرح پیدا کرنے والا صورتگر ہے ۔ اسی کے لیے حسین

الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

اسماء ہیں تسبیح بیان کرتے ہیں اس کے لیے سبھی آسمانوں اور زمین والے وہی عزیز و حکیم ہے۔

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۭ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ

اور معبود حقیقی تمہارا معبود واحد ہے۔ نہیں معبود برحق مگر وہی رحمٰن رحیم۔ فرماد یجئے اے اللہ اے مالک کے

الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاۗءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاۗءُ ۡ وَتُعِزُّ

مالک تو دیتا ہے ملک جسے چاہے اور چھین لیتا ہے جس سے چاہے۔ اور عزت دیتا ہے

مَنْ تَشَاۗءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

جسے چاہے اور ذلت دیتا ہے جسے چاہے۔ تیرے ہی ہاتھ میں خیر ہے۔ بیشک تو ہی ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ

کامل دسترس رکھتا ہے داخل فرماتا ہے رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور نکالتا ہے

الْـحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْـحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ يَآ

زندہ کو میت سے اور برآمد کرتا ہے میت کو زندہ سے اور رزق دیتا ہے جسے چاہے بغیر حساب و تحدید کے۔ یا

اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَبُّ يَا وَهَّابُ يَا غَنِيُّ يَا مُعْطِيْ يَا سَرِيْعُ يَا رَحِيْمُ

اللہ یا رحمٰن۔ یا رب۔ یا وہاب۔ یا غنی۔ یا معطی (عطا کرنیوالے) یا سریع (جلد حساب لینے والے) یا رحیم

يَا كَرِيْمُ يَآ اَحَدُ يَا سَمِيْعُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا حَيُّ يَا

یا کریم یا احد۔ یا سمیع (ہر ایک کی ہر وقت سننے والے۔ یا بدیع (از سر نو پیدا کرنے والے) السموات والارض۔ یا حی۔ یا

قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا عَالِمُ يَا عَلِيْمُ

قیوم۔ یا ذاالجلال والاکرام یا حنان (بہت مہربان) یا منان (بہت احسان فرما) یا عالم۔ یا علیم

يَا حَلِيْمُ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا مَلِكُ يَا سَلَامُ يَا حَقُّ يَا قَدِيْمُ يَا قَآئِمُ

یا حلیم۔ یا مالک الملک۔ یا ملک۔ یا سلام۔ یا حق۔ یا قدیم و بے ابتداء۔ یا قائم (لازوال)

يَا مُحِيْطُ يَا حَكِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا قَاهِرُ يَا مَانِعُ يَا مُخْفِيْ يَا مُقْسِطُ يَا

یا محیط (از روئے علم و قدرت) یا حکیم۔ یا علیؒ۔ یا قاہر۔ یا مانع (روکنے والے رزق کے یا برائی سے) یا مخفی (پوشیدہ رکھنے والے۔

مُحْیِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ یَا خَیْرَ

یا مُقسِط (عادل)، یا محی (زندہ رکھنے والے) نہیں معبود برحق مگر تو تو پاک ہے بیشک میں ظالمین میں سے ہوں ۔ اے سب وارثوں

الْوَارِثِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ یَا سَمِیْعَ الدُّعَآءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

سے بہتر۔ اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے ۔ اے دعاؤں کے سننے اور قبول کرنے والے ۔ اے اللہ میں

اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ

تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل اس کے کہ تو ہی مستحق حمد ہے ۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل تیرے طاہر و

الطَّیِّبِ الْمُبَارَكِ الْاَحَبِّ اِلَیْكَ الَّذِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِهٖ اَجَبْتَ وَ

طیّب اور مبارک و محبوب نام کے کہ جب تجھ سے اس کے توسل سے دعا کی جائے تو تو قبول فرماتا ہے اور

اِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَیْتَ وَاِذَا اسْتُرْحِمْتَ بِهٖ رَحِمْتَ وَاِذَا

سوال کیا جائے تو عطا کرتا ہے ۔ اور رحم طلب کیا جائے تو رحم فرماتا ہے اور

اسْتُفْرِجْتَ بِهٖ فَرَّجْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْكَ اللّٰهَ وَاَدْعُوْكَ

کشائش طلب کی جائے تو کشائش و فراخی عطا کرتا ہے ۔ اے اللہ بیشک میں تجھ کو کہتا ہوں اللہ اور کہتا ہوں

الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْكَ الْبَرَّ الرَّحِیْمَ وَاَدْعُوْكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰی

الرحمٰن اور پکارتا ہوں برّ و رحیم کہہ کر اور پکارتا ہوں تجھے تیرے اسماء حسنیٰ

كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ

کے ساتھ جو مجھے معلوم ہیں ان میں سے اور جو معلوم نہیں ۔ اللہ نہیں معبود برحق مگر وہی جو عرش عظیم

الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا لِسَعْدِ

کا رب ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے دعا فرمائی حضرت سعد

وَّعُوْدٍ فَكَانَ دُعَآئُهٗ مَقْبُوْلًا وَّسَهْمُهٗ مُسَدَّدًا وَّصَلِّ عَلٰی

اور عود کے لیے پس آپ کی دعا مقبول ہوئی اور ان کا تیر سیدھا ہوا اور مضبوط ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعَا لِابْنِ عَبَّاسٍ بِالتَّفَقُّهِ فِی الدِّیْنِ

سیدنا محمد پر جنہوں نے دعا فرمائی حضرت عبد اللہ بن عباس کے لیے علانیہ دین میں

بِالْاِعْلَانِ فَكَانَ يُدْعٰى بِتَرْجُمَانِ الْقُرْاٰنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

کامل مہارت اور فہم و فراست کی پس انہیں (اس کی قبولیت کی وجہ سے) ترجمان القرآن کہا جاتا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدِ الَّذِیْٓ اَشْبَعَ مِائَةً مِّنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ مِنْ قَدَحٍ وَّاحِدٍ وَّ

سیدنا محمد پر جنہوں نے سیر فرما دیا اہل صفہ سے سو آدمیوں کو ایک ہی پیالہ سے۔ اور

اَشْبَعَ ثَمَانَ عِيَلَاتٍ مِّنْ كَتِفِ مَعْزٍ اَوْ شَاةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سیر فرمایا آٹھ محتاج و فقراء کو بکری یا بھیڑ کے شانہ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْٓ اَشْبَعَ اَرْبَعَ مِائَةِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جس محبوب نے سیر فرمایا چار سو

رَاكِبٍ اَوْ زَادَ مِنْ اَرْبَعَةِ اَمْدَادٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

بلکہ اس سے زیادہ سواروں کو چار سیر سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْٓ اٰمَنَ عَلٰى دُعَائِهِ الْجِدَارُ وَ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جس محبوب کی دعا پر آمین کہی حویلی کی دیواروں۔

حَائِطُ الْبَيْتِ وَالدَّارُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

مکان کی دیواروں نے اور خود مکان نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ تَفَلَ عَلٰٓى اَثْجَةَ بْنِ اُنَيْسَةَ فَكَانَ الْبُرْءُ

محمد کی آل پر کہ جس محبوب نے لعاب دہن ڈالا اثجہ بن انیسہ پر تو شفاء و تندرستی ان کی

اُنَيْسَهٗ وَتَفَلَ عَلٰى يَدِ ابْنِ عِقَالٍ وَّاَسْرَعَ فَعَادَتْ اَحْسَنَ مَا

مونس بن گئی اور لعاب دہن لگایا ابن عقال کے ہاتھ پر پس وہ ہو گیا فوری طور پر پہلے سے بھی

كَانَتْ قَبْلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

زیادہ بہتر۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل اطہار پر

الَّذِیْ رَقٰى بَطْنَ صَبِیٍّ تَغَشّٰى فَذَهَبَ دَآئُهٗ مِنَ الْحَشَا اَللّٰهُمَّ

جس محبوب نے دم فرمایا اس بچے کے پیٹ کو جو بیہوش ہو چکا تھا تو زائل ہو گئی اس کی انتڑیوں سے بیماری۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَمَسَ سَوْطَ

صلوٰاۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے چھوا عامر کی

عَامِرٍ بِیَدِہِ الْیُمْنٰی فَکَانَ نُوْرُہٗ وَاضِحَ السَّنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

چھڑی کو اپنے ہاتھ سے پس ہو گیا اس کا نور واضح چمک والا۔ اے اللہ صلوٰاۃ وسلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَمَّا لَمَسَ الْقِنْوَ

سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر کہ جس محبوب نے جب چھوا کھجور کے خوشہ کو

بِبَنَانِہٖ اَثْمَرَ مِنْ عَامِہٖ فِیْ غَیْرِ اَوَانِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اپنی انگلیوں سے تو پھل دینے لگا اسی سال بغیر آنے موسم کے۔ اے اللہ صلوٰاۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَمَّا نَضَحَ فِیْ وَجْہِ زَیْنَبَ الْمَآءَ

اور سیّدنا محمّد کی آل پر کہ جس محبوب نے جب چھڑکا حضرت زینب کے چہرے پر پانی

کَانَ یُرٰی وَجْھُھَا کَالْبَدْرِ فِی الظُّلْمَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

تو ان کا چہرہ نظر آتا تھا چودھویں کے چاند کی مانند تاریکی میں۔ اے اللہ صلوٰاۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَمَسَ ضَرْعَ شَاۃٍ عَجْفَآءَ فَدَرَّ

محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے چھوا لاغر اور نزار بکری کے پستانوں کو تواتر پڑا

لَبَنُھَا مِنْ حِیْنِہٖ وَوَفَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اس کا دودھ اسی لمحہ اور بہت کافی ہوا۔ اے اللہ صلوٰاۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَفَلَ عَلٰی زِرَاعِ بْنِ اَبِیْ حَاطِبٍ

آپ کی آل پر جس محبوب نے لعاب دہن ڈالا ابو حاطب کے بیٹے کی کلائی پر

فَکَانَ مَابِہٖ مِنَ الْحَرْقِ کَاَمْسِ الذَّاھِبِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پس اس میں جلن کے اثرات کافور ہو گئے مانند گذشتہ دن کے۔ اے اللہ صلوٰاۃ وسلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ مَسَحَ عَلٰی

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جنھوں نے ہاتھ پھیرا چھوٹے

رَأْسِ قَصِيْرٍ بِبَنَانِهٖ فَعَادَ أَطْوَلَ أَقْرَانِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
بچے کے سر پر تو وہ اپنے ہمعمروں سے طویل تر قامت والا ہو گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِيْ مَسَحَ بِيَدِهٖ رَأْسَ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے ہاتھ مبارک پھیرا گنجے کے

الْأَقْرَعِ فَنَبَتَ مِنْ حِيْنِهٖ شَعْرُهٗ وَأَسْرَعَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
سر پر تو فوراً اُگ آئے اسی لمحے بال اس کے اور سرعت کے ساتھ اُگے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِيْ مَسَحَ بَطْنَ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جنہوں نے مسح فرمایا۔ عقبہ بن

عُقْبَةَ بْنِ فَرْقَدٍ فَعَادَ رَائِحَةً أَطْيَبَ مِنَ الْمِسْكِ وَأَجْوَدَ اَللّٰهُمَّ
فرقد کے پیٹ پر تو ہو گئی خوشبو اس کی پاکیزہ تر اور عمدہ تر کستوری سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِيْ مَسَحَ
صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے ہاتھ مبارک پھیرا

عَلٰى رَأْسِ صَبِيٍّ مَّجْنُوْنٍ فَكَأَنَّهٗ مَا بِهٖ لَمْ يَكُنْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
مجنون بچے کے سر پر تو وہ اس طرح فوری طور پر شفایاب ہو گیا کہ گویا بیمار ہی نہیں تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِيْ زِيْدَ لَهٗ سَاعَةٌ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے لیے بڑھا دی گئی ایک ساعت

فِي النَّهَارِ وَكَانَ الظِّلُّ يَدُوْرُ مَعَهٗ حَيْثُ دَارَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
دن میں اور سایہ (درختوں کا) ان کے ساتھ پھرتا تھا جدھر بھی آپ مائل ہوتے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِيْ كَانَ إِذَا أَحْدَثَ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل اطہار پر جو محبوب کسی مکان میں

فِيْ مَكَانٍ وَّنَهَضَ تَبْلَعُ مَا يَخْرُجُ مِنْهُ الْأَرْضُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
قضائے حاجت فرماتے تو آپ کے اُٹھتے ہی زمین نگل جاتی جو برآمد ہوتا آپ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ حَزِنَ یَعْفُوْرُ لِمَوْتِهٖ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی وفات پر آپ کا گدھا یعفور بھی غمزدہ ہو گیا

وَجَزِعَ وَمَاتَ بَعْدَهٗ بِثَلَاثَةِ اَیَّامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور بیقرار ہوا اور مرگیا آپ کے بعد تیسرے دن ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِی اسْتَسْقٰی عُمَرُ بَعْدَهٗ بِعَمِّهِ الْعَبَّاسِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ دعائے باراں فرمائی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کے بعد آپ کے چچے حضرت عباس کے

وَدَلَّ الْاَسَدُ بِالتَّحْقِیْقِ بَعْضَ اَصْحَابِهٖ عَلَی الطَّرِیْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

توسل سے اور رہنمائی کی شیر نے پورے وثوق واعتماد کے ساتھ آپ کے ایک صحابی کی راستہ کے متعلق ۔ اے اللہ صلوٰۃ

